بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر پی اے بی (لیجس-II)/2018ء مورخہ 19 دسمبر 2018ء

منجانب:۔ سیکرٹری،
بلوچستان صوبائی اسمبلی۔

بجانب:۔ جناب چیف سیکرٹری،
بلوچستان، کوئٹہ۔

عنوان:۔ **ایوان کی متفقہ مشترکہ قرارداد نمبر 4**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ 18 دسمبر 2018ء میں ایوان کی متفقہ پاس شدہ ذیل قرارداد نمبر 4 برائے ملاحظہ و مزید کارروائی ارسال خدمت ہے:۔

" ہم حکومتی اور حزب اختلاف کے اراکین مشترکہ قرارداد پیش کرتے ہیں۔ کہ بلوچستان کے 51 صحافیوں کو مختلف پرنٹ و الیکٹرونک میڈیا گروپ کی جانب سے بغیر کسی نوٹس اور بغیر کسی ضابطوں کے نوکریوں سے برخاست کیا گیا ہے جو غیر قانونی غیر آئینی اور بلا جواز ہے۔ میڈیا کے ملازمین کو اس بے قدری سے نکالنا ایک ظالمانہ اقدام ہے۔

لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکوت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ فاقی حکومت سے رجوع کرے کہ وہ صوبہ کے صحافیوں کو ملازمتوں پر فی الفور بحال اور ان کے ملازمتوں کو مستقل بنیادوں پر تحفظ دینے کو یقینی بنائے نیز صوبہ میں واقع صحافیوں کو مکمل ملازمتی تحفظ کا معاہدہ کرنے تک صوبائی حکومت ان کے اشتہارات پر مکمل پابندی لگائے تاکہ صوبہ کے صحافیوں میں پائی جانے والی بے چینی اور احساس محرومی کا خاتمہ ممکن ہوسکے"۔

(شمس الدین)
سیکرٹری۔

نقل برائے اطلاع و ضروری کارروائی مرسل ہوئے بخدمت:۔

۱) جمیع معزز اراکین بلوچستان صوبائی اسمبلی۔
۲) جناب سیکرٹری برائے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان، ایوان صدر، اسلام آباد۔
۳) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان، اسلام آباد۔
۴) جناب سیکرٹری، سینیٹ، سینیٹ آف پاکستان، پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد۔
۵) جناب سیکرٹری، قومی اسمبلی سیکرٹریٹ، پارلیمنٹ ہاؤس، اسلام آباد۔

۶) جناب وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات، حکومت پاکستان، اسلام آباد

۷) جناب صوبائی وزیر اطلاعات، حکومت بلوچستان کوئٹہ۔

۸) جناب وفاقی سیکرٹری، اطلاعات ونشریات، حکومت پاکستان، اسلام آباد

۹) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے گورنر بلوچسان کوئٹہ۔

۱۰) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیر اعلیٰ بلوچستان، کوئٹہ۔

۱۱) جناب سیکرٹری، اطلاعات حکومت بلوچستان کوئٹہ۔

۱۲) جناب سیکرٹری، آئی پی سی ڈیپارٹمنٹ، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔

۱۳) جناب سیکرٹری قانون وپارلیمانی امور، حکومت بلوچستان کوئٹہ۔

(عبدالرحمٰن)

ایڈیشنل سیکرٹری (قانون سازی)